سوال ۱: اس سوال میں بڑا فریب پنہاں ہے۔ فردوسی اور خاقانی شاعر ہیں۔ مگر انھوں نے آزاد اسدی کی طرح نثر میں اور شمس فخری کی طرح نظم میں فرہنگ نہیں لکھی، یہ دوسری بات ہے کہ ضرورت سمجھ کر فردوسی نے بعض نامے میں الفاظ کے معانی بتا دیئے ہیں (مثلاً بیوز)۔ شاعر کو الفاظ کے استعمال کا خاص سلیقہ ہوتا ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ اس کی زبان دانی اُس قسم کی ہو جیسی فرہنگ نگاروں کی ہوتی ہے۔

قطران[1] جو قول مشعرا میں ہے اُس کی فارسی دانی کی نسبت ناصر خسرو کی یہ رائے ہے "زبان فارسی نیکو نمی دانست... دیوان منجیک و دقیقی... پیش من بخواند و ہر معنی کہ او را کہ مشکل بود از من بپرسید" (سفرنامہ)۔ خسرو بلند پایہ شاعر ہیں لیکن اصطلاح کا اشتقاق جو انھوں نے بتایا ہے کون تسلیم کر سکتا ہے؟ شعرا کے کلام کا مطالعہ فرہنگوں سے بے نیاز نہیں کر سکتا۔ بلکہ قدیم شعرا کے کلام کا مفہوم فرہنگوں کی طرف رجوع کئے بغیر اچھی طرح سمجھ میں نہیں آ سکتا۔ قیاس سے ہر جگہ کام نہیں لیا جا سکتا۔ فرہنگ نگار کے مستند ہونے کا دار و مدار اُس کے وطن پر نہیں اُس کی تحقیقات پر ہے۔ بخوبی ممکن ہے کہ کسی خاص مسئلے کی تحقیق ہندوستانی ایرانیوں سے بہتر کریں، ایرانی خود ہندوستانی فرہنگ نگاروں کی سند میں بے تکلف پیش کرتے ہیں۔ لغات کے معانی در کنار اشعار سے لغات کی حرکات و سکنات کا بھی مکمل علم بہت کم ہوتا ہے۔ [illegible] لفظوں کو جانے دیجئے، دو حرفی [illegible] مرد اور [illegible] باب [illegible] اگر [illegible] قافیہ [illegible] نظم نہیں ہوتے تو زیادہ سے زیادہ جو علم ہو سکتا ہے وہ یہ ہے کہ [illegible] ساکن ہے اور [illegible] متحرک [illegible] کی حرکت کیا ہو [illegible] مطلقاً نہیں چل سکتا۔ [illegible] قافیہ [illegible] اور حرف [illegible] سے مل کر [illegible] ہو جائے تو

---

[1] قطران کی فارسی جس میں منجیک اور دقیقی کا کلام ہے زیادہ [illegible]۔

غالب نے قاطع میں دعویٰ کیا تھا کہ جو لوگ سعدی کے شعر کی سند پر گرفت کی را کو مکسور کہتے ہیں، غلطی پر ہیں۔ فردوسی شاہ نامہ میں سو جگہ "رفت" کو خفت و گفت کا قافیہ اور ہزار جگہ شگفت کا قافیہ لایا ہے۔ لیکن وہ ایک جگہ اسے رفت کا قافیہ لایا ہے اور خاقانی نے کہا ہے:-

"خورشید تو رہ پیادہ رفتہ ہمتا شیئہ تو برگرفتہ"

صحیح یہی ہے، اور جگہ "تغایر حرکت ماقبل ردی" ہے۔ اگر کوئی شخص فتحہ را کی سند میں جو شعر میں لئے دیتے ہیں، انھیں بھی اس قبیل سے تصور کرے، تو اُسے تحقیق سے بہرہ نہیں، اور میں اس سے گفتگو نہیں کرتا۔ سعدی کا شعر جس کا ذکر آیا ہے یہ ہے:-
"تبسم کناں دست بر لب گرفت کہ سعدی مدارا چہ دیدی شگفت" (قاطع ص۱۲۸)۔ یہ تو ظاہر ہے کہ غالب اس سے اختلاف نہیں کرتے کہ شگفت کا کاف مکسور ہے، ورنہ وہ یہ ضرور کہتے کہ سعدی کی سند دینی غلط ہے۔ اس سے گرفت کی را کا فتحہ ثابت ہوتا ہے۔ اس سے اختلاف ہے، تو یہ سمجھ میں نہیں آیا کہ فردوسی نے ہزار[1] بار جس طرح استعمال کیا ہو اُسے ان شکلوں پر جو اس کے مقابلے میں بہت کم اُس کی زبان پر آئی ہوں ترجیح نہ دی جائے۔ اور اگر فردوسی ہزار بار ایک طرح اور سو بار ایک طرح 'تغایر حرکت ماقبل ردی' کا ارتکاب کر چکا ہے، تو یہ کیوں ناممکن سمجھا جائے کہ رفت اور گرفت کے قافیے میں عیب ہے۔
'تغایر حرکت ماقبل ردی' کے الفاظ کے استعمال سے یہ ظاہر ہے کہ غالب ف کو ردی قرار دیتے ہیں۔ حال آں کہ ردی ت ہے۔ یہ کہنے کی حاجت نہیں کہ ردی قافیے کے آخری حرف اصلی یا اس کے قائم مقام کو کہتے ہیں۔ خاقانی کا شعر را کی کسی خاص حرکت کے ثبوت میں وہی شخص پیش کر سکتا ہے جو فنِ قافیہ سے بالکل ناواقف ہو۔ 'گرفتہ' میں ت قافیہ ہے جو حرف وصل ہے، اسے مختفی سے ملا کر متحرک ہو گئی ہے۔ اس صورت میں را کی حرکت قافیے میں شامل نہیں۔ وہ مفتوح، مضموم، مکسور، سب ہو سکتی ہے۔ ان باتوں کو احمد نے موید میں (ص[illegible]) اچھی طرح سمجھا دیا تھا اور انھوں نے وہی بات کہی ہے جس پر[2] جمہور کا اتفاق ہے۔ لیکن غالب [illegible] میں پھر بھی بے سرا لگ گئے ہیں۔" مولوی [illegible]

---

[1] اس کی حقیقت محقق میں ملاحظہ ہو۔ [2] شمس قیس صاحب المعجم، موسیٰ جامی، عبداللہ سب یہی مسلک رکھتے ہیں۔

لکھتا ہے گرفتن بکسر تین ہے میں پوچھتا ہوں کہ کیا رفتن بھی بکسرۂ اوّل ہے؟ (اس کے بعد فردوسی اور خاقانی کے وہی شعر دیئے ہیں جو قاطع میں ہیں) ... اور جواز اختلاف حرکت ماقبل روی سے تو سارے دیوان بھرے ہوئے ہیں۔ خصوصاً قصیدہ ولیس فی بابین میں فخر گرگانی نے قید حرکات ثلثہ اٹھا دی ہے۔ گشتہ، کشتہ قافیہ" صفحہ ۱۹۔ گشتہ و کشتہ کے قوافی کو غالب کے سوا کسی نے غلط نہیں کہا۔ (اس سلسلے میں تیغ صفحہ ۱۲ اور اردو و ہندی صفحہ ۳۲ بھی ملاحظہ ہو۔ غالب کا یہ کہنا بھی درست نہیں کہ گرفت کی را مفتوح ہے۔ سروری کاشانی لکھتا ہے:۔ شگفت بکسر کاف تازی عجب باشد۔ بستان: یکے خردہ بر شاہ غزنیں گرفت کہ حسنے ندارد ایاز اے شگفت[۱] ف ۱۷۵۔ سروری کے نزدیک گرفت کی رے مکسور نہ ہوتی تو وہ اس شعر کو شگفت کے مکسور الکاف ہونے کی سند میں نہ لاتا۔ آخر میں اس نے یہ اضافہ کیا ہے کہ "بفتح و ضم کاف نیز آمدہ" لیکن ظاہر ہے یہ مروجہ زبان سے متعلق نہیں۔ اس کی بنا وہ اشعار ہیں جس میں شگفت ایسے الفاظ کا قافیہ آیا ہے جن میں ف سے پہلے کا حرف مفتوح یا مضموم ہے۔ جہانگیری میں صرف مکسور الکاف ہے اور نظامی کا شعر سند میں دیا ہے جس میں شگفت کا قافیہ گرفت نظم ہوا ہے۔ فرہنگ نو بہار (جلد ۲) میں جس کا جامع محمد علی تبریزی خیابانی ہیں۔ شگفتن = تعجب بکسر اوّل و ثانی مندرج ہے اور گرفتہ کا وزن فرشتہ بتایا ہے۔ شعرائے ایران کے کلام میں گرفت بکثرت شگفت کا قافیہ آیا ہے۔ میں دو مثالوں پر اکتفا کروں گا۔

آخرالامر قاعدے بگرفت نامۂ نظم داد دنیک شگفت ۔ انوری صفحہ ۶۷۵

بتو دست دبے خیال انگشت شگفت نگر تا جہاں را چگونہ گرفت ۔ صاحب بانو نامہ کیلانی جلد ۲ صفحہ ۲۱۴۔ اس کتاب میں اس شاعر کے دو اور شعر ہیں جن میں یہ قافیے آئے ہیں)۔

سوال ۲۔ پیدائش و زیبائش کے متعلق غالب صرف یہ کہنا کافی سمجھتے ہیں

---

[۱] انجمن آرائے ناصری میں شگفت کو مکسور الکاف لکھا ہے اور آخر میں وہی عبارت ہے جو سروری نے فتحہ و ضمہ کاف کے بارے میں تحریر کی ہے۔ فتحۂ کاف کی مثال میں سنائی اور ضمۂ کاف کی مثال میں سعدی کا شعر پیش کیا ہے۔ موخرالذکر میں نہم و نہفتم کا قافیہ ہے۔ اس سے ضمۂ کاف کا ثبوت نہیں مل سکتا۔ فن قافیہ سے انجمن آرا کا مصنف کتنا ناواقف معلوم ہوتا ہے۔

کہ ان کا صحیح ہونا ' لفظ ' کا محتاج سند نہیں لیکن چوں کہ قاعدہ اُن کا مخالف ہے '
ایرانیوں کی لکھی ہوئی فرہنگوں یا ان کے ادب سے اُن کے استعمال کی سند پیش
کرنی تھی - پیدائش مصحفی کے دیوان (مطبوعہ و مخطوطہ م) میں ایک جگہ ملتا ہے مگر بطور
قافیہ نہیں ' جناب ڈاکٹر عندلیب شادانی نے مجھے اطلاع دی ہے کہ ابوالفضل کے یہاں
کئی جگہ آیا ہے - آج کل ایرانی بکثرت استعمال کرتے ہیں - مصحفی کے معاصرین [illegible] کے
ا[illegible] کے یہاں بھی مجھے یہ لفظ نہیں ملا - زیبائش اردو میں مستعمل ہے مگر ایرانیوں
کی زبان پر نہیں -

سوال ۳ - احمد نے صائب ' زلالی ' والہ ہروی ' مسیح کاشی وغیرہ کے کلام
سے ثابت کیا ہے کہ ایرانی راندہ ماندہ کی قسم کے لفظوں کو تندہ وکندہ کی قسم کے لفظوں کا
قافیہ لاتے ہیں - مسیح کا شعر جو بہار عجم جلد اول (ص ۱۳۱) میں بھی ہے یہ ہے: " آتش
بزبان شعلہ برمن زدہ بانگ کفر بہر جنبیدن خاکستر گنگ " غالب اور اُن کے
مددگار اپنے دعوے کو ثابت نہ کر سکے -

سوال ۴ - تمہید میں غالب نے اس سوال کا جواب بھی بتا دیا ہے جو انھیں
نہیں بتانا چاہیے تھا - "چشم عیب ساز" احمد کے نہیں برہان کے الفاظ ہیں و تفاصیل [illegible]
"عیب ساز" میں کوئی خاص قباحت نظر نہیں آتی - "یہ عجیب ہیں" کے معنی میں نہیں "عیب
آفریں" کا مرادف ہے -

سوال ۵ - جواب غلط ہے - اعتراض کا سرقہ ہو سکتا ہے - اگر
غالب نے دوسروں کا اعتراض دیکھا تھا اور وہ از خود اُن کے ذہن میں نہیں آ سکتا تھا اور انھوں
نے اصلی معترض کا ذکر بالارادہ نہیں کیا تو سرقے میں کیا شبہ ہے - ساماں کا بیان آب چیں
سے متعلق ممکن ہے غالب کی نظر سے نہ گزرا ہو لیکن محشی برہان کے اعتراض جو انھوں
نے اپنی جانب سے پیش کیے ہیں ' اس کا کیا جواب ہو سکتا ہے ؟ برہان میں [illegible] حاشیے
ہیں اور ان میں سے بیشتر غیر عربی الفاظ سے متعلق ہیں ' لیکن غالب قاطع [illegible] محشی
کے ایک اعتراض کو غلط قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں: "مہتمان کارگاہ انطباع جا بجا حاشیہا
نگاشتہ اند ' اما ہمہ در اغلاط لغات عربی" کسی مخالف نے یہ لکھا کہ حواشی لغات فارسی سے
متعلق بھی ہیں اور غالب کے کچھ اعتراضات حواشی میں بھی ہیں تو درفش [illegible] نے اکثر

بنا دیا۔ اُن کا قول اس ترمیم کے بعد بھی غلط رہا۔ قاطع کے متعدد اعتراضات حواشی برہان سے ماخوذ تھے۔ اور اس کا اعتراف غالب نے نہیں کیا تھا، بلکہ یہ لکھ کر کہ حواشی کا تعلق صرف لغات عربی سے ہے کنایۃً اس سے انکار بھی کیا تھا کہ لغاتِ فارسی پر اُن کے جو اعتراض ہیں، وہ حواشی سے لئے گئے ہیں۔ درفش میں غالب نے دوسری روش اختیار کی ہے، جا بجا فخریہ اس کا ذکر کرتے کہ سات فضلائے کلکتہ جو برہان کے محشی ہیں میرے ہم نوا ہیں۔ غالب کو اس کی بھی خبر نہیں کہ یہ حواشی کے روبکار سے لکھے ہوئے ہیں، اور مصححین مطبع طبی جن میں حکیم عبد المجید کے سوا کسی کے عالم ہونے کا ثبوت موجود نہیں، ان سے کچھ سروکار نہیں رکھتے۔ (تفاصیل محقق)۔

سوال ۶ — یہ اعتراض پہلی بار درفش میں کیا گیا ہے، احمد اور غالب میں ما بہ النزاع نہیں۔ برہان نے دوسری فرہنگوں سے لیا ہے اور ششش ضرب نتیجہ خوب یا ششش نتیجہ خوب فرہنگوں میں ظاہر الانوری کے ان دو شعروں کی وجہ سے شامل کیا گیا ہے:

زبہر حشن تو دائم بہ ششش نتیجہ خوب — ز فر بحث تو آبستن است ششش ممکن
صدف بگوہر و ناقہ بمشک دینے بشکر — شجر بمیوہ و خارا بزر و حشار بمن

کلیات ص۳۱۱ — فرہنگ نگاروں کے مسلک کی توضیح محقق میں ملے گی۔

سوال ۷ — "چشم مخالفاں بیا زن بہ تیر" — مؤیّد میں نوادر المصادر کے حوالے سے فرخی کی طرف منسوب کیا گیا ہے، اور اس میں مصرع ثانی اس طرح ہے:

"ہمچو کشف دلے بزر آزدے"

غالب نے اعتراض سے پہلے نوادر کو جو ایک مطبوعہ کتاب تھی دیکھ لینا ضروری تصور نہ کیا۔ غالب اگر عروض فارسی کے ارتقا سے واقف ہوتے، اور انھوں نے شعرائے ایران کے کلام کا ایک عروضی کے نقطۂ نظر سے مطالعہ کیا ہوتا تو اس مصرع کو ناموزوں نہ کہتے۔ یہ مصرع جیسا کہ احمد نے شمشیر میں لکھا ہے بحر سریع مطوی ہے اور اس کا وزن مفتعلن مفاعلن فاعلان ہے۔ انھوں نے اس بحر کے بارے میں طوسی کا یہ قول بھی نقل کیا ہے:—

"اما پارسی زبانان مطوی بکار دارند و بر سالم و مجنون شعر نیامده است الا آنچه عروضیان

ف انتخاب کلیات (لاہور) میں یہ بیت نہیں ہے اور جناب عرشی سے معلوم ہوا کہ کلیات طبع طہران میں بھی نہیں۔

ما بہ النزاع نہیں (تفاصیل راست)

سوال ۹ - بے شک غالب کا اعتراض صحیح ہے، احمد نے اس کے متعلق خاموشی اختیار کی ہے مگر غالب خود فحش گوئی سے محترز نہیں۔

سوال ۱۰ و ۱۱ - یہ اعتراض پہلی بار درفش میں ہوئے اور فریقین میں ما بہ النزاع نہیں۔ دونوں اعتراض صحیح ہیں لیکن سوال ۱۱ میں جو اعتراض ہے وہ حاشیہ برہان میں بھی ہے۔

سوال ۱۲ - ہندوستانی الفاظ بے شک گلہری ہے - احمد بھی یہی کہتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ان کا یہ قول ہے کہ "غلط کردن فارسیاں در حرف لفظ ہندی از ناآشنائی زبان است (ص ۲۳)" — فارسی میں کاف عربی و فارسی بہ کثرت ایک ہی مرکز سے لکھے جاتے تھے - برہان یہ سمجھا کہ کاف عربی سے ہے - یہ غلطی ایسی نہ تھی کہ اس کے متعلق سوال کیا جاتا۔

سوال ۱۳ - چکری کے بارے میں برہان لکھتا ہے "بوزن منتری نوے از زیراس ..... و بہ ہندوستان دختر را گویند" غالب نے اعتراض کیا تھا کہ "..... در لہجۂ مغلیت ..... چکری سے گویند ..... نہ چکری" احمد نے جواب دیا ہے کہ ..... "و نیز در بعض الفاظ ساقط شود، مثل ہوگھڑ - عالی - سنگر بہ دراں ہنر آوردہ ..... نازنین شوہر خطر لیفے سکر ستے خواہد (ص ۲۳)" غالب نے تیغ میں دعویٰ کیا ہے کہ "جو علماء شعرا ایران سے آئے لہجہ ان کا ہندی نہیں ہوا املا اہل ہندکی املا کے موافق رہی (ص ۲۴)" یہ زبردستی ہے - بہت سے لفظوں کا املا بھی بدلا ہے اردو کے ادبی استعمال سے قبل صحیح املا معلوم بھی یہ مشکل ہو سکتا تھا۔ برہمن ہی کو لیجیے، ہندوستان کی کس زبان میں املاً اس طرح تھا؟

سوال ۱۴ - "پاؤ" کے بارے میں احمد نے خالق باری کا یہ مصرع

"بد دست ہات و قدم پاؤ کہیے"

(تانیہ جاوہ) پیش کیا تھا (ص ۱۳۵)، غالب تیغ میں اسے تسلیم کیے بغیر کہ یہ امیر خسرو کا ہے، یہ لکھتے ہیں لدھیلے پاؤ ... ہو ... گے۔ شاہجہاں کے عہد ... یہ زبان نہ تھی (تیغ ص ۲۱) اس عہد کی ہندوستانی زبان کے متعلق غالب کی معلومات کچھ نہ تھی تحقیق کیے بغیر ایک بات لکھ دی۔ پھر یہ کہ ہندوستانی لفظ میں اگر برہان نے غلطی کی اور وہ بھی بہ تتبع جہانگیری تو اس سے اس کی فارسی دانی پر حرف نہیں آسکتا۔ اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ میں برہان کو بڑا فارسی داں تصور

میں ہے (ص۹۱) - مصرع یہ ہے "عیب جوانی پسند یرفتہ اند" - صفیر بلگرامی نے غالب سے اپنی ملاقات کا مفصل حال جلوۂ خضر جلد ۲ میں لکھا ہے، میں نے اسے غالباً ۱۹۲۷ء میں رسالہ اردو میں چھپوا دیا تھا - ان کے نام کے اردو خط بھی ہیں، مگر وہ جلوۂ خضر جلد ۱ میں ہیں اور وہ اس وقت نہ مل سکی -

(۵) دو فارسی قصیدوں کے عطیہ خود غالب کے قلم سے علی الترتیب کس کم کے ورق ۱۷ اور ۲/۱ پر لکھے ہوئے ہیں - ان کے عکس جناب خان صاحب قاسم حسن نظم کی عنایت سے حاصل ہوئے ہیں، میں ان کا ممنون ہوں -

---

حواشی نظم اردو :-

(۶) پنج آہنگ کی اشاعت اول کے نسخے نہایت کمیاب ہیں - اس کا منظوم اشتہار اسعد الاخبار آگرہ (۱۲ مارچ ۱۸۴۹ء) میں چھپا تھا - اس سے پہلے اور اس کے بعد علی الترتیب یہ عبارتیں ہیں : "نقل اشتہار منظوم طبع پنج آہنگ مصنفہ حضرت مرزا اسد اللہ خاں صاحب بہادر غالب جو اپریل میں قیمت بھیجے تین روپے اور جو بعد اس کے بھیجے گا چار روپے دینے پڑیں گے" "مخفی نہ رہے کہ یہ اشتہار بسبیل ڈاک بیرنگ ایک مخدوم والاشان نے واسطے درج کرنے اخبار کے میرے پاس بھیجا" غلام نجف خاں جن کے نام سے یہ اشتہار ہے غالب کے شاگرد تھے - (خطوط ص۲۱۲ و ص۲۲۲)، لیکن یہ "تلمذ ظاہرا فارسی نثر تک محدود تھا - شاعر کی حیثیت سے ان کا ذکر کہیں نظر نہیں آیا - اشتہار غالب کی طرز میں ہے، اور قریب بہ یقین ہے کہ انھیں کا لکھا ہوا ہے - غالب کے لئے خود ستائی کوئی نئی بات نہیں - اور اشتہار کی تو ذمہ داری بھی ان کے سر نہیں - یہ اس بسیط ستائش میں بھی شامل تھا جو میں نے اسعد الاخبار پر معاصرین کا تھا - غلام نجف کے حالات آثار الصنادید اور واقعات دار الحکومت دہلی مصنفہ بشیر احمد مرحوم میں مل گئے - ان کے والد کا نام محمد مسیح الدین اور اصلی وطن بدایوں تھا، مگر بہت کم سنی ہی میں دہلی

المطابع غلط بتایا ہو' درفش ۱۲۸۲ھ میں چھپی ہے' اس کا سنہ بھی حالی نے صحیح نہیں لکھا (یادگار، صفحہ ۴۹)۔ یہ بات عام طور پر معلوم نہیں کہ قاطع کی کتابت شیخ امیر اللہ تسلیم نے کی تھی۔ ان کا تخلص درج نہیں، لیکن خط انھیں کا ہے اور وہ فارسی مثنوی جو غالب اور قاطع کی طرح میں انھوں نے لکھی ہے اور قاطع میں موجود ہے' تسلیم کے طرز میں ہے۔ مزید یہ کہ تسلیم کا اس زمانے میں نول کشور کے یہاں کتابت کرنا ثابت ہے۔ تسلیم کے استاد نسیم کی ایک مثنوی بھی قاطع میں ہے۔ انھوں نے عجائب دلربا ارشاد غالب' سے عیسوی سال طبع نکالا ہے۔

(۱۱) سفرنگ دساتیر: محمد نجف علی خاں کی تصنیف اور ۱۲۸۰ھ کی مطبوعہ ہے۔ اس میں مصنف نے یہ التزام تو نہیں کیا کہ عربی الفاظ نہ آنے پائیں، لیکن دساتیری الفاظ کے برتنے سے احتراز نہیں کیا۔ غالب کی تقریظ سے پہلے یہ عبارت ہے: تقریظ کہ والا فرگاہ خردی راز آگاہ ستودہ گفتار سخن پرور سرمایۂ نازش کمال مہر جناب مرزا اسد اللہ خاں المتخلص بہ غالب المشہور بہ میرزا نوشہ ادام اللہ تعالیٰ مجدہم بریں نامہ نگاشتہ" ان کا ترجمہ تذکرہ میں یوں درج ہے:

خستہ دہلوی تخلص مولوی محمد نجف علی خاں ابن قاضی محمد عظیم الدین خاں مرحوم قاضی قصبۂ جھجر استاد نواب ناظم بہادر مرشد آباد و مہاراجۂ الور است مدتے بہ رفاقت نواب محمد وزیر خاں بہادر و نواب محمد علی خاں بہادر والیان ٹونک بودہ۔ ادیب بے نظیر و محقق بے مثل زبان عربی و دری ست۔ حال علم و فضل و ذہن و ذکایش از تالیفات کثیرہ او مثل تفسیر غریب بہ عبارت فارسی و شرح غیر منقوط بر مقامات حریری بزبان دری و شرح تحفۃ العراقین ...... بہ زبان دری و شرح دساتیر مسمیٰ بہ سفرنگ دساتیر بہ زبان فارسی و تاریخ غدر ہندوستان بہ زبان دری مسمیٰ بہ دیدہ نواد و وزیر نامۂ منظوم بہ زبان دری بنام محمد وزیر خاں والی ٹونک و نظم ترجمۂ منبہات ؟ ابن حجر عسقلانی و حاشیۂ مطول بہ زبان عربی و حاشیۂ ہدایۂ فقہ و توضیح المعانی و ایضاح البیان و بدیع البدیع و لب الالباب و خلاصۃ الافکار' و شرح شرح چغمینی و تذکرۂ شق القمر و دری کشا و زبدۃ الغرائب و تکملۂ صولت فاروقی منظوم بزبان دری و قصۂ ہیر و رانجھا منظوم' و ترجمۂ تقویت الایمان بزبان عربی و تاریخ مرشد آباد و شرح نل دمن فیضی بزبان دری و ترجمہ انجیل وغیرہ تواں دریافت۔ تقریظ... بر رسالۂ شاہد عشرت ... نگاشتۂ قلم.... اوست۔ بارہا ملاقاتش در مرشد آباد و بنارس

جوہر کے نام کے ۳ فارسی خط پنج آہنگ میں اور اتنے ہی اردو خط خطوط میں ہیں۔ جناب سید وزیر الحسن عابدی مجھ سے کہتے تھے کہ اُن کے نام کے غیر مطبوعہ خطوط موجود ہیں۔ غالب کے کلیات فارسی میں ایک رباعی ہے جس میں جوہر اور سے کش کی تعریف کی ہے (ص۱۱۵)
جوہر کے قطعات تاریخ اُردو، قاطع، درفش اور لطائف میں موجود ہیں اور مقدم الذکر کی اشاعت کے محرک اوّلین یہی تھے۔ اُن کا کلام زیادہ نہیں ملتا۔ تذکرہ میں ہے کہ پانچ چھ برس قبل انتقال کیا۔

(۱۴) غالب نے لکھا ہے کہ "پنج گادل بہ فن تاریخ دمعما نہادہ ام" (پنج ص۹۱) لیکن تین ہی کس ام و بکس ام ہی موجود ہیں پہلے کا حل عبداللہ ہے 'بد' پر چشم یعنی 'عین' کا اضافہ ہوا تو 'عبد' بنا یہ خدا یعنی 'اللہ' تک پہنچا تو 'عبداللہ' ہوگیا۔ دوسرے کا حل 'کمال' ہے۔ 'کلام' کا کاف اپنی جگہ پر رہا، اور لام مقلوب ہوگیا 'کمال' نکل آیا۔ تیسرے کا حل 'شیخ کمال' ہے۔ 'نیم شب پنج بستہ' = شیخ 'گذرگاہ خرام' یعنی م اور سر آب یعنی الف م اور ل کے درمیان آیا 'شیخ کمال' ہوگیا۔

(۱۵) رباعی سبد چیں کی اشاعت اوّل سے ماخوذ ہے۔ جناب مالک رام کی اشاعت سے خارج ہے۔ نہ معلوم کس کی ہجو ہے۔

(۱۶) (الف) 'این نسخہ... خرچنگ' لطائف کے سرورق پر ہے یقین ہے کہ غالب کا ہو۔ لطائف میں غالب کا ایک فارسی شعر اور ہے، مگر اس قدر بیہودہ کہ میں نے اسے آثار میں شامل نہیں کیا۔

(ب) 'لاجرم... ہیرامن' اس شعر کی شان نزول یہ ہے: امیر حسن خاں بسمل (متوفی ۱۲۶۳ھ)، عاشق علی خاں کاکوروی (متوفی ۱۲۵۶ھ) کے بیٹے تھے جس زمانے میں غالب کلکتہ پہنچے ہیں، وہاں مؤخر الذکر شاہ اودھ کے سفیر تھے، اور اُن سے غالب سے تعلقات تھے (پنج ص... و ص۹۵)۔ بسمل سے بھی کلکتہ میں ملاقات ہوئی ہوگی۔ پنج میں بسمل کے نام کے دو خط ہیں، اور اُن کی مدح میں ایک رباعی کلیات میں ہے (ص۵۰۰)، ان میں سے ایک خط (ص۹۸) اور مظفر حسین خاں کے نام کے ایک خط (ص۹۸) سے معلوم ہوتا ہے کہ بسمل غالب سے ناراض ہیں اور وہ انھیں منانا چاہتے ہیں [illegible] تذکرہ [illegible] حافظ محمد علی حیدر

(طبع ۱۹۲۷ء) میں یہ درج ہے کہ بسمل نے تعلّی میں یہ شعر کہا تھا:

'ہملہ زا غند شاعران جہاں لیک یک طوطی شکر خامن'

غالب نے سُنا تو وہ شعر کہا جس کا قافیہ سیراہن ہے۔ اس کے بعد مراسلات ہوئے اس سلسلہ میں جو آخری خط غالب نے لکھا تھا اُس میں وہ برجستہ رباعی تھی جو کلیات میں ہے۔ مصنّف نے اپنے بیان کا کوئی ثبوت نہیں پیش کیا، لیکن یہ لکھا ہے کہ بسمل نے ۱۲۶۰ھ میں "پنج کے جواب میں پنج گلبن تصنیف کی تھی" عجب نہیں کہ اُن کا ماخذ بھی ہو۔ تذکرہ مشاہیر کاکوری کمیاب کتاب نہیں، مگر اس پر بھی پیراہن والے شعر اور اس کی شانِ نزول سے بہت کم لوگ واقف ہیں۔ اس شعر کے آثار میں شمول کی یہ وجہ ہوئی۔

علوم عربیہ و فارسیہ کی باقاعدہ تحصیل کی تھی، غالب سے بذریعۂ خط و کتابت تلمذ حاصل کیا
تھا۔ غالب نے انھیں طوطیٔ بنگال (کذا) کا خطاب دیا تھا۔ آغا احمد علی اور غالب
کے معرکے میں بھی شریک تھے مگر اب اس کا کوئی ریکارڈ نہیں ہے۔ اصلی نام فیض الدین
حیدر ہے جو کبھی اختصار کے بعد فیض الدین ہو جاتا ہے۔ والد کا نام علیم اللہ یعنی
فیض اللہ تھا۔ دہلی جانا ثابت نہیں، اور غالب سے کلکتے میں ملاقات کا
بھی کوئی ثبوت نہیں۔ اس بات کی کوئی سند نہیں کہ غالب نے انھیں کوئی خطاب
دیا تھا یا انھوں نے غالب کا مرثیہ لکھا تھا۔ سال وفات کی تعیین مشکل ہے۔
مگر یقینی ہے کہ انیسویں صدی کی آخری دہائی میں ان کا انتقال ہوا ہے۔ ان میں
ان کے نام صرف ایک خط ہے۔

خواجہ محمد حسن ناظر انتقی محمد حسن سے جن کے نام پنج میں متعدد خطوط ہیں اور جن کا ذکر اردو
کے ایک خط میں ہے (خطوط صفحہ ۹۰) ظاہراً مختلف ہیں۔ خواجہ محمد حسن اور ان کے بھائی
خواجہ قمر اللہ کے متعلق ان میں جو کچھ ہے اس کے علاوہ فی الحال کچھ نہ معلوم ہو سکا۔

۳۔

ان میں سراج الدین احمد، ابوالقاسم، مرزا اکبر بیگ، مرزا افضل بیگ، نواب
علی اکبر خان، اسد بیگ، آغا محمد حسین، حکیم صادق علی خان، حکیم سید احمد علی خان، محمد علی،
خواجہ مستقیم، راؤ پیشوا باؤ، نواب حسام الدین حیدر خان، محمد حسن، سید عالم علی خان، رحم علی
جانو، اور فضل کے نام آتے ہیں، مگر ان لوگوں کے نام کوئی خط نہیں۔[1]
سراج الدین احمد غالب کے خاص الخاص دوستوں میں تھے (عود صفحہ ۱۶۶)، عجب نہیں
[illegible] کے یا شاید ہوں (متفرقات صفحہ ۳۵ و صفحہ ۸)، عبدالکریم میر منشی دفتر فارسی
یا ظہیر الدین خان یا دونوں سے رشتہ داری ہوتی بھی دور از قیاس نہیں (متفرقات
صفحہ ۱۸۱، ۲۰۰، ۲۰۲، ۲۰۳ خطوط صفحہ ۳۹۳)، جس وقت غالب کلکتے گئے ہیں یہ اعیان
دفتر لونی سے تھے (خط ۲۲)، اس کے ابتدائی تیاں زندہ ہی تھے کہ یہ زینت بخش
پیش گاہ صدر عدالت ہو گئے تھے۔ (خط ۳۲) جناب جوہر کا یہ قول کہ کارد بار کے

---

[1] بعض خطوں سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ کلکتے میں ساکن تھا (پنج صفحہ ۶۲)

سلسلے میں مقیم کلکتہ تھے (غالب صفحہ ۱۱۶) صحیح نہیں۔ گل رعنا کی ترتیب ان کی تحریک سے ہوئی اور اس کا ذکر اس کے دیباچے میں ہے۔ دیوان فارسی میں بھی انھیں یاد کیا ہے :—

"یا سراج الدین احمد چارہ جز تسلیم نیست ورنہ غالب می گزید ذوق غزلخواں مرا"

مقطع کی ابتدائی شکل ہے — دیوان مرتبہ میں مصرع آخر میں کچھ تغیر کیا ہے۔ ان کے نام کے ۲۰ خط پنج میں اور ۱۲ متفرقات میں ہیں، ان میں سے گیارہ دونوں میں مشترک ہیں۔ غالب نے اوائل ۱۸۵۹ء میں دستنبو کا ایک نسخہ انھیں بھجوایا ہے اور ایک خط میں جو رمضان ۱۲۷۸ھ کے کچھ بعد کا لکھا ہوا ہے، ان کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ لکھا ہے — (عود صفحہ ۱۶۶) —

ابوالقاسم خاں۔ قاسم کے متعلق عبدالقادر خاں رامپوری اپنے روزنامچے میں لکھتے ہیں کہ "وہ عالی خاندانست، موطنش شاہ جہاں آباد است، و چندے بہ لکھنؤ بود، ناگاہ بہ کلکتہ رسانیدہ معاش شد، در خور لیاقت داشت" (صفحہ ۳۹ و صفحہ ۱۴۱)۔ دیوان جہاں (نسخۂ کلکتہ) میں ہے کہ "خاندان شاہی سے کچھ قرابت رکھتے ہیں۔ نسخۂ دلکشا کے مصنف کا بیان ہے کہ خاندانِ بادشاہی سے تھے، نساخ نے انھیں شہزادہ لکھا ہے اور تیمور کی اولاد میں بتایا ہے (سخن صفحہ ۳۷)، لیکن شہزادہ ہونے کے لیے تیموری ہونا کافی نہیں، اور نہ نساخ کے علاوہ کسی نے انھیں شہزادہ لکھا ہے۔ غالب سے غالباً کلکتہ کی ملاقات تھی، غالب کی مدحیہ غزل میں جس کا ذکر تپاں کے حال میں آیا ہے ایک شعر ہے :— ہم سخن اور ہمزباں حضرت قاسم و تپاں ایک تپش کا جانشیں درد کا یادگار ایک — (متفرقات صفحہ ۱۰۵) اگر درد کا یادگار سے یہ مراد ہے کہ درد کے بے واسطہ شاگرد تھے تو غالب سے عمر میں بہت بڑے ہوں گے — ایک قطعہ قاسم کا بھی غالب کی مدح میں ہے مگر اس کا تعلق غالب کی شاگردی سے نہیں۔ ظاہراً اس کے ساتھ جو خط بھیجا تھا اس میں یہ بھی تھا کہ کوئی غلطی ہو تو درست کر دیں (متفرقات صفحہ ۱۱۳)، اور غالب نے اپنے منظوم جواب میں اس کی ایک غلطی کی طرف اشارہ بھی کیا ہے — ظاہراً قاسم ہنری الماک کے متوسلین سے تھے (متفرقات صفحہ ۹ و صفحہ ۳۵) غالب کے خطوں میں ان کی وفات کا ذکر نہیں، لیکن تپاں کی وفات کے کچھ بعد تک زندہ

سلے کتاب میں نے نہیں دیکھی۔ عبارت آزاد صاحب کے ایک خط سے ماخوذ ہے۔

تھے، ان کے ایک لڑکے کی وفات کی طرف بھی بعض خطوں میں اشارہ ہے (متفرقات صفحہ ۹۱ و صفحہ ۹۳)۔ دلگشا میں ان کا ذکر اس طرح ہے کہ گویا مر چکے ہیں۔ قرینہ ہے کہ تپاں کی وفات کے کچھ بعد راہی عدم ہوئے ہوں گے۔ پنج آہنگ وغیرہ میں ان کے نام کا کوئی خط نہیں۔ متفرقات میں ۲۰ خط ہیں، نامہ منظوم مزید برآں۔
مرزا اکبر بیگ سے غالب کی حقیقی بہن بیاہی تھیں، خط ۲ سے پتا چلتا ہے کہ جون ہانی میں یہ کھو گیا ہے یہ بھی کلکتہ میں تھے۔ غالب کی کسی اور تحریر میں ان کا ذکر نہیں۔
مرزا افضل بیگ مرزا اکبر بیگ کے بھائی اور کلکتہ میں اکبر ثانی کے سفیر تھے۔ غالب کا کوئی خط ان کے نام کا موجود نہیں، لیکن دوسروں کے خطوں میں ان کا ذکر بہت ملتا ہے۔ غالب جب تک کلکتہ میں رہے ظاہر ان سے کوئی شکایت ہوئی، لیکن واپسی کے بعد لکھا ہے کہ یہ اپنے خواہر زادوں (اولادِ مرزا حاجی) سے رشوت لے کر ان کے ہمدرد ہو گئے ہیں اور غالب کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں (متفرقات صفحہ ۳۹) ان کی وفات تپاں کے انتقال سے پہلے ہوئی ہے اور یہ جس سنہ ہجری میں ہو صفر کے آخری چہار شنبے سے پہلے تھی (متفرقات ۶۰)۔
نواب علی اکبر خاں مصنف سیر المتاخرین کے حقیقی بھتیجے اور ہوگلی کے امام باڑے کے متولی تھے۔ غالب ان کے پاس محمد علی صدر امین باندہ و برادر سراج الدین علی خاں قاضی القضاۃ کلکتہ کا خط لے کر گئے تھے اور ان کے بہت مداح ہیں۔ تین بار ہوگلی جانے کا پتا غالب کے خطوں سے ملتا ہے۔ غالب کا بیان ہے کہ جب کلکتہ میں ان پر اعتراض ہوا تو انھوں نے اور محمد محسن نے جواب دیئے تھے اور ان دونوں کی تحریک سے باد مخالف لکھی تھی (پنج صفحہ ۸۰) شاد نے اس سلسلے میں حیات فریاد میں جو کچھ تحریر کیا ہے اس کے لیے وہ اپنے تخیل کے رہینِ منت ہیں۔ سالِ وفات کا ابھی تک پتا نہیں چلا۔
اسٹرلنگ کے لیے تپاں کے صفحات ۱۵۴، ۱۵۵، ۱۵۹، ۱۶۰ ملاحظہ ہوں۔
آغا محمد حسین کلکتہ میں اپنی والدہ کے ساتھ رہتے تھے۔ خانم صاحبہ، جن کا ذکر متفرقات کے صفحہ پہ ہے ظاہرا یہی ہیں۔ قاسم کی طرح یہ بھی ہنری الاک کے متوسلین سے تھے (متفرقات صفحہ ؟) غالب سے کلکتہ میں گہرے تعلقات ہو گئے تھے مگر دہلی بلا لیتا تھا کہیں

(۳۴) غالب ۱۲۴۳ھ میں تیسری شعبان کو وارد کلکتہ ہوئے اور اس بنا پر کہ واپسی میں وہ ۱۲۴۵ھ کی دوسری جمادی الاولیٰ کو باندہ پہنچ گئے تھے، یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ اواخر ربیع الثانی یا اوائل جمادی الاولیٰ میں وہ کلکتہ سے رخصت ہوئے ہوں گے۔ ان کے کل خطوط بہ استثنائے خطوط ۱۲ و ۱۴ و ۱۵ و ۱۷ و ۲۲ و ۲۶ و ۲۷ و ۳۲ غالب نے کلکتہ میں لکھے ہیں۔ اس سے ان کا زمانۂ کتابت ایک حد تک متعین ہو جاتا ہے۔

(۱) تیاں؟ خط ۱ رمضان ۱۲۴۳ھ یا رمضان ۱۲۴۴ھ کا لکھا ہوا ہے۔ خط ۵ میں جس عقل کا ذکر ہے وہی ہے جس کی طرف خط میں اشارہ ہے تو ۱۲۴۳ھ یقینی ہے، اور خط ۵ کا زمانۂ تحریر خط ۱ سے مقدم ہے۔ خط ۱۳ میں دستار [illegible] ہے، خط ۱ میں اسی کی رسید ہے تو خط ۱۳ خط ۱ سے پہلے کا ہے۔

(۲ و ۳) تیاں:— قریب بہ یقین ہے کہ خط ۲ میں جس شادی کا ذکر ہے، محمد علی کی شادی بسم اللہ ہے جو ظاہراً شعبان میں ہوئی (خط ۷)۔ اس خط کا تعلق خطوط ۳ و ۷ و ۹ سے ہے۔ خط ۲ خط ۳ اور خط ۹ ان دونوں سے مقدم معلوم ہوتا ہے۔ خط ۷ اس سلسلے کا آخری خط ہے۔ یہ فیصلہ مشکل ہے کہ یہ خط کس سنہ کے ہیں۔

(۴) تیاں خط ۴ پہلا خط ہے جس میں فیض الدین حیدر کا نام آیا ہے۔ خط ۱۰ میں بھی ان کا ذکر ہے۔ خط ۳۱ جو فیض الدین حیدر کے نام ہے، ۱۲ صفر ۱۲۴۵ھ کا لکھا ہوا ہے، اور یہ پہلا خط ان کے نام کا معلوم نہیں ہوتا۔ اس لیے ۴ کا زمانۂ تحریر لازماً خط ۳۱ سے پہلے ہے۔ خط ۱۰ میں جس خط کے ڈھاکہ (جہانگیر نگر) بھجوانے کی استدعا کی ہے، ممکن ہے خط ۴ یا خط ۳۱ ہو۔

(۵) تیاں؟ خط ۵ کا تعلق خط ۳۶ متفرقات (صفحہ ۷) سے ہے، اور اس زمانے کا ہے جب غالب کلکتہ میں تازہ وارد تھے۔ (۶) تیاں؟ زمانہ؟

(۷) تیاں؟ خط ۲ و ۹ سے تعلق (۸) تیاں؟ زمانہ؟ (۹) تیاں؟ (۲ و ۳ و ۷)

(۱۰) تیاں؟ (خط ۴ و ۳۱) (۱۱) تیاں؟ خط ۱۱ ورود کلکتہ کے چند ماہ بعد کا ہے جب غالب کو یہ ہدایت کی جا چکی تھی کہ مقدمہ دہلی میں پیش کریں۔ ریذیڈنٹ دہلی کے حالات اسی غرض سے معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ خط ۲۰ اس سے قبل کا ہے۔ اس میں

سلہ علامت استفہام مکتوب الیہ کا نام خط کے ساتھ نہیں ہے جب ہی لگائی ہے۔

اجنبہ جام جہاں نما مانگا ہے، اور اس میں اُسے واپس کرتے ہیں۔ ازیڈیٹ کا ذکر دونوں میں ہے۔

۱۲ و ۱۴) خواجہ محمد حسن؛ خط ۱۴ میں غالبًا دیوان کی طرف اشارہ ہے، جس کا صراحتاً ذکر خط ۱۲ میں ہے۔ میری رائے میں یہ دونوں خط ۱۰ رمضان ۱۲۴۸ھ کے لگ بھگ لکھے گئے ہیں۔

۱۳) تپاں؛ (۱)۔ ۱۵) خواجہ محمد حسن۔ خط ۱۷ اور خط ۱۵ کا زمانہ تحریر ایک معلوم ہوتا ہے۔ ۱۶) خواجہ فخر الدین۔ ۱۰ رمضان ۱۲۴۸ھ۔

۱۷) تپاں؛ یہ خط ظاہراً اس زمانے کا ہے جب غالب کلکتہ میں پا بہ رکاب ہیں۔

۱۸) مکتوب الیہ؛ زمانہ؛ ۱۹) تپاں؛ زمانہ؛ ۲۰) تپاں؛ (۱۱)۔

۲۱) تپاں؛ خط ۲۱ میں اپنے ملازمین کی کلکتہ داخل کلکتہ سے ناواقفیت کا ذکر کیا ہے۔ ظاہراً اس زمانے کا ہے جب کلکتہ میں تازہ وارد تھے۔ خط ۲۳ کا اس سے تعلق ہے۔

۲۲) تپاں؛ متفرقات کا خط ۴۲ بنام تپاں صفحہ ۶۳۔ غالبًا مرزا افضل بیگ کی وفات کے بعد لکھا گیا ہے۔

۲۳) تپاں؛ (۲۱)۔ ۲۴) تپاں؛ یہ ادبی نزاع کے آغاز کے بعد کا ہے۔ شوال ۱۲۴۳ھ یا اس کے کچھ بعد لکھا گیا ہوگا۔ خط ۲۹ و ۳۰ بھی اسی زمانے کے ہیں۔

۲۵) تپاں؛ یہ خط اس وقت کا ہے جب کلکتہ سے رخصت ہونے والے ہیں۔ خط ۲۷ اس کے بعد کا ہے۔ ۲۶) تپاں؛ زمانہ؛۔

۲۷) تپاں؛ متفرقات کا خط ۲۵ بنام تپاں صفحہ ۶۴ تاریخ تحریر ۴ ستمبر ۱۸۲۸ء یا ۱۸۲۹ء ہوگی۔ مؤخر الذکر زیادہ قرین قیاس ہے۔

۲۸) تپاں؛ زمانہ؛ ۲۹) تپاں؛ (۲۴ و ۳۰) ۳۰) تپاں؛ (۲۴ و ۲۹)

۳۱) فیض الدین حیدر؛ نہیں۔۔۔ ایں، اصلاح شدہ شکل میں ان کے نام نگارستانِ سخن میں موجود ہے۔ غالب نے تاریخ تحریر ۲ صفر، روز تحریر جمعہ دیا ہے۔ ۱۲۴۵ھ ہونا چاہیئے۔

۳۲) تپاں؛ متفرقات کا خط ۲۲ بنام تپاں صفحہ ۷۵۔ زمانہ ابعد

(۲۰) "لال ڈگی ..... اب بھی ڈلہوزی اسکوائر کے اُس حصّہ کو کہتے ہیں جو جنرل پوسٹ آفس کے قریب واقع ہے' (ص) ن میں رزیڈنٹ۔

(۲۱) ایک کہار اور دو خدمتگار ظاہراً دلی سے ساتھ گئے تھے۔ 'کودن کہار' اُن کے علاوہ معلوم ہوتا ہے۔ ن میں 'تصدیعہ' ہے۔؟

'ٹالی یعنی ٹالی ہے' عوام اب تک اسے ٹالی ہی کہتے ہیں اور یہاں سال بھر میں ایک بار میلا بھی ہوتا ہے (ص) ٹالی نام کا ڈاکخانہ بھی کلکتہ میں ہے۔ وہاں کا مشہور علاقہ ہے۔ 'ہر روز آدم' ن میں 'ہر روزہ آدم' 'گر' ہ' مشکوک۔

(۲۲) یہ خط متفرقات میں بھی ہے (ص ... و ص ...) اختلافات یہ ہیں: متفرقات میں 'قبلہ' کی جگہ 'کعبہ' 'کریم' کی جگہ گو مید اور یہی صحیح ہے' 'ترسند' کی جگہ 'مند' ہے۔ 'فدائے' کی جگہ 'فدا' 'مدعا این است' کی جگہ 'مدعا این' 'جملہ' کی جگہ 'جلدا' (یہی صحیح ہے) 'دیار اور' کی جگہ 'دیار است' 'خوش' کی جگہ 'خوش اگر دہ یعنی' حکما کی جگہ 'گروہ' 'از حال مجذوبی ... خاکسار است' یہ تمام عبارت خفیف اختلاف کے ساتھ متفرقات میں سراج کے نام کے ایک خط کا جزو ہے ص ... یہ متفرقات میں 'خاں' کے بعد 'بہادر' 'سراسیمگی' کے بعد 'ہا'۔

(۲۳) تیاں غالباً غالب کے خطوط کو اپنی بیاض میں نقل کر لیا کرتے تھے' جس خط کو ضایع کرنے اور اپنی بیاض میں نقل کرنے کی ہدایت کی ہے وہ خط ۲۴ تو نہیں؟

(۲۴) یہ خط مجموعۂ ڈھاکہ کے تمام خطوں میں سب سے زیادہ اہم ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مخالفین غالب نے غالب پر اپنے اعتراضات کو قلمبند بھی کر لیا تھا مگر اس کا پتا نہیں چلتا کہ یہ اعتراضات کسی اخبار میں یا رسالے کے طور پر چھپے بھی تھے یا نہیں۔ جن اشعار پر اعتراض ہوئے ہیں وہ کلیات میں موجود ہیں (ص ۲۹۸ و ص ۴۸۲) دراسی طرح ہیں جیسا غالب نے بیان کیا ہے۔ اس یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ فارسی میں دیو ذال سے متعلق غالب کے جس مسلک کا قاطع سے علم ہوتا ہے وہ بہت قدیم ہے۔ ۱۲۴۳ھ میں بھی ان کا یہی عقیدہ تھا جو ۱۲۷۶ھ میں تھا۔ یہ بحث طویل ہے کہ فارسی میں ذال ہے یا نہیں؟ اس کے بارے میں کبھی آئندہ لکھا جائے گا۔ اس وقت اس پر اکتفا کیا جاتا ہے کہ پذیرفتن وغیرہ کو زے سے لکھنا قطعاً صحیح نہیں۔ غالب کا یہ کہنا بھی ٹھیک نہیں چوں کہ وہ اس سے واقف ہیں کہ اور لوگ پذیرفتن وغیرہ کو ذال سے لکھتے ہیں' زے سے لکھنا املائی غلطی نہیں' غلطی کی یادہ ہے' غالب نے اردو میں بھی لکھا ہے: 'غلطی ہائے مضامین

مت پوچھ'۔ میں فی الحال یہ کہنے سے قاصر ہوں کہ ایرانیوں نے غلط کو یائے زائدہ کے ساتھ استعمال کیا ہے یا نہیں۔ اس خط کے متعلق مؤید میں ہے: "پیش ازیں بدہ سال تخمیناً رقعاتے چند نوک ریز خامہ حرف آفریں جناب غالب بہ نظر فقیر آمد نقل یک رقعہ ازاں اینکہ: اس کے بعد خط نقل کیا ہے جس میں "لیکن ازاں جا... غلط نہ خوانند دیگر" اور "اگر بیذیرند..... اسداللہ" کے سوا کل عبارت موجود ہے (ص۱۷۷ و ص۱۷۸)۔ احمد کے سامنے پورا خط تھا اور انھوں نے عبارتیں خود حذف کر دیں، یا نامکمل خط تھا جو سارے کا سارا نقل کر دیا ہے اس کا فیصلہ مشکل ہے۔

(۲۵) خط ۱۷ میں دوشنبہ کے دن کلکتہ سے روانگی کا ذکر کیا تھا' اس خط سے معلوم ہوتا ہے کہ پنجشنبہ کو کلکتہ سے رخصت ہونے والے تھے۔

(۲۶) 'فرزندانِ ارجمنداں' صفت کی جمع لانے پر غالب معترض ہوئے ہیں (تفاصیلِ تحقیق)۔

(۲۷) 'تنت .... گرند میاد' حافظ کا مطلع ہے۔ 'چندم' اب تک کہیں میری نظر سے نہیں گزرا۔ یہ خط متفرقات میں بھی ہے (ص۴۳)۔ اختلافات: متفرقات میں صادق علی خاں کے بعد 'صاحب'، 'رسیدہ است' کی جگہ 'رسید'، 'قبلۂ نیکواں' کی جگہ 'قبلۂ صورت و معنیٰ'، احمد کے بعد 'صاحب'، 'طراز درستم' کی جگہ 'طراز حرفت درستم'، 'قبلۂ صورت و معنیٰ' کی جگہ 'قبلۂ نیکواں'، 'حکیم احمد علی' کی جگہ 'حضرت سید احمد علی خاں'، 'بہم دادہ است' کی جگہ 'بہم داد'۔ 'حکیم احمد علی خاں' کی جگہ 'حکیم صادق علی خاں' (اور یہی صحیح معلوم ہوتا ہے)؛ 'عزمِ انقطاع علاقہ' کی جگہ 'عزمِ انفکاک سررشتہ' ہے۔ متفرقات میں 'دریابم' کے بعد یہ عبارت زائد ہے: "حالیکہ دارم از درد گریختہ موسومۂ جناب مولوی سراج الدین احمد صاحب سمت انکشاف تواند یافت۔ بخدمت مخدومہ معظمہ گزارش د" اور 'عزیز از جاں' کی جگہ 'عزیز از جاناں'، اور 'دافزونی دولت' کی جگہ 'فقط'۔

(۲۸) 'ل ہیچ و تشویش' 'ہیچ و تاب تشویش ہوگا'۔

(۲۹) یہ خط بھی اہم ہے۔ اس میں کن تین مطلعوں کا ذکر ہے' اس کا پتا نہ چل سکا۔ ظاہرا یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ مطلع مکتوب الیہ (تپاں) نے بھیجے تھے۔ مگر کہیں اور اس کا ذکر نہیں۔ معترض کی جگہ معترض الیہ چاہیے۔

(۳۰) شملہ بازار خود غالب نے لکھا ہے کہ چیت بازار کے قریب ہی (پنج ہم)

غالب' میں ہے کہ چیت پور روڈ کے اُس حصّہ میں تھا جو بعد کو "گینڈا تالاب" کے نام سے مشہور ہوا
ص۱۵۰۔ "آواز.... گوارا" سُنا ہوا مصرع ہے مگر اس وقت یاد نہیں آتا کہ کس کا ہے۔
اردو شعر دیوان مروجہ میں ہے۔ اس خط سے بھی ادبی نزاع پر روشنی پڑتی ہے۔

(۳۱) یہ یاد آتا ہے کہ حکیم حبیب الرحمٰن مرحوم نے حاشیۂ ن پر لکھا تھا کہ
جو اشعار اس خط میں ہیں وہ شائق کے دیوان میں موجود ہیں۔ اس خط میں 'اجلّہ بدیہات'
آیا ہے، اس کی نسبت احمد لکھتے ہیں:

"من یکے از ثقات سماع دارم کہ جناب غالب در یکی از نامہائے خود 'اجلّہ
بدیہیات' نگاشتہ است۔ اجلاء بدیہیات کہ زبان زد خاص و عام است آں را نا روا
پنداشتہ است" (مؤید ص۲۵۳)۔

جناب ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی سے اس کا ذکر آیا تو انھوں نے کہا کہ 'اجلی بدیہیات'
ہونا چاہیے۔ اجلّہ اور بدیہات دونوں غلط ہیں۔

(۳۲) یہ خط متفرقات میں بھی ہے (ص۸۵ و ص۸۶)۔ اختلافات: متفرقات
میں 'اندہ' کی جگہ 'اندوہ'، 'گرسر برود' کی جگہ 'کہ اگر سر برود'، 'بودیذ' کی جگہ 'بودند'، 'سعی' کی جگہ
یعنی۔ لفظ 'فقط' متفرقات میں نہیں۔ 'یاد دارند' کے بعد بہت سی عبارت ع میں نہیں ہے۔

۱۰/۱۱/۱